Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · AL-SAHIFA AL-SAJJADIYYA

35. Satisfaction with the Decree

رضائے الٰہی

His Supplication in Satisfaction with the Decree

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

BISMI ALLAAHI AR-RAHMAANI AR-RAHEEM

In the Name of Allah, the most Gracious, the most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رِضًى بِحُكْمِ اللهِ شَهِدْتُ اَنَّ اللهَ قَسَمَ مَعَايِشَ عِبَادِهٖ بِالْعَدْلِ وَاَخَذَ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهٖ بِالْفَضْلِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَلَا تَفْتِنِّيْ بِمَا اَعْطَيْتَهُمْ وَلَا تَفْتِنْهُمْ بِمَا مَنَعْتَنِيْ فَاَحْسُدَ خَلْقَكَ وَاَغْمَطَ حُكْمَكَ۔

AL-HAMDU LILLAAHI RIDAN BIHUKMI ALLAAHI SHAHIDTU ANNA ALLAAHA QASAMA MA'AAYISHA 'IBAADIHEE BIL-'ADLI WA-AKHAZA 'ALAA JAMEE'I KHALQIHEE BIL-FADL. ALLAAHUMMA SALLI 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALIHEE WALAA TAFTINNEE BIMAA A'TAYTAHUM WALAA TAFTINHUM BIMAA MANA'TANEE FA-AHSUDA KHALQAKA WA-AGHMATA HUKMAK.

Praise belongs to God in satisfaction with God’s decision! I bear witness that God has apportioned the livelihoods of His servants with justice and undertaken bounty for all His creatures. O God, bless Muhammad and his Household, tempt me not with what Thou hast given to Thy creatures and tempt them not with what Thou hast withheld from me. Lest I envy Thy creatures and despise Thy decision!

اللہ تعالی کے حکم پر رضا و خوشنودی کی بنا پر اللہ کے لئے حمد و ستائش ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اس نے اپنے بندوں کی روزیاں آئین عدل کے مطابق تقسیم کی ہیں۔ اور تمام مخلوقات سے فضل و احسان کا رویہ اختیار کیا ہے۔ اے اللہ ! محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور مجھے ان چیزوں سے جو دوسروں کو دی ہیں آشفتہ و پریشان نہ ہونے دے کہ میں تیری مخلوق پر حسد کروں اور تیرے فیصلہ کو حقیر سمجھوں۔ اور جن چیزوں سے مجھے محروم رکھا ہے انہیں دوسروں کے لئے فتنہ و آزمائش نہ بنا دے (کہ وہ ازروئے غرور مجھے بہ نظر حقارت دیکھیں)۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَطَيِّبْ بِقَضَآئِكَ نَفْسِيْ وَوَسِّعْ بِمَوَاقِعِ حُكْمِكَ صَدْرِيْ وَهَبْ لِيَ الثِّقَةَ لِاُقِرَّ مَعَهَا بِاَنَّ قَضَآءَكَ لَمْ يَجْرِ اِلَّا بِالْخِيَرَةِ وَاجْعَلْ شُكْرِيْ لَكَ عَلٰى مَا زَوَيْتَ عَنِّيْ اَوْفَرَ مِنْ شُكْرِيْ اِيَّاكَ عَلٰى مَا خَوَّلْتَنِيْ۔

ALLAAHUMMA SALLI 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALIHEE WATAYYIB BIQADAA'IKA NAFSEE WAWASSI' BIMAWAAQI'I HUKMIKA SADREE WAHAB LIYA ATH-THIQATA LI-UQIRRA MA'AHAA BI-ANNA QADAA'AKA LAM YAJRI ILLAA BIL-KHIYARATI WAJ'AL SHUKREE LAKA 'ALAA MAA ZAWAYTA 'ANNEE AWFARA MIN SHUKREE IYYAAKA 'ALAA MAA KHAWWALTANEE.

O God, bless Muhammad and his Household, delight my soul through Thy decree, expand my breast through the instances of Thy decision, give to me a trust through which I may admit that Thy decree runs only to the best, and let my gratitude to Thee for what Thou hast taken away from me be more abundant than my gratitude to Thee for what Thou hast conferred upon me!

اے اللہ ! محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور مجھے اپنے فیصلہ قضاء وقدر پر شاداں رکھ اور اپنے مقدرات کی پذیرائی کے لئے میرے سینہ میں وسعت پیدا کردے اور میرے اندر وہ روح اعتماد پھونک دے کہ میں یہ اقرار کروں کہ تیرا فیصلہ قضا و قدر خیر وبہبودی کے ساتھ نافذ ہوا ہے اور ان نعمتوں پر ادائے شکر کی بہ نسبت جو مجھے عطا کی ہیں ان چیزوں پر میرے شکریہ کا کامل وفزوں تر قرار دے جو مجھ سے روک لی ہیں۔

Free to read, copy and share

وَاعْصِمْنِيْ مِنْ اَنْ اَظُنَّ بِذِيْ عَدَمٍ خَسَاسَةً اَوْ اَظُنَّ بِصَاحِبِ ثَرْوَةٍ فَضْلًا فَاِنَّ الشَّرِيْفَ مَنْ شَرَّفَتْهُ طَاعَتُكَ وَالْعَزِيْزَ مَنْ اَعَزَّتْهُ عِبَادَتُكَ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَمَتِّعْنَا بِثَرْوَةٍ لَا تَنْفَدُ وَاَيِّدْنَا بِعِزٍّ لَا يُفْقَدُ وَاسْرَحْنَا فِيْ مُلْكِ الْاَبَدِ اِنَّكَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ تَلِدْ وَلَمْ تُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَكَ كُفُوًا اَحَدٌ۔

WA'SIMNEE MIN AN AZUNNA BIZEE 'ADAMIN KHASAASATAN AW AZUNNA BISAAHIBI THARWATIN FADLAN FA-INNA ASH-SHAREEFA MAN SHARRAFAT-HU TAA'ATUKA WAL-'AZEEZA MAN A'AZZAT-HU 'IBAADATUKA FASALLI 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALIHEE WAMATTI'NAA BITHARWATIN LAA TANFADU WA-AYYIDNAA BI'IZZIN LAA YUFQADU WASRAHNAA FEE MULKI AL-ABADI ANNAKA AL-WAAHIDU AL-AHADU AS-SAMADU ALLAZEE LAM TALID WALAM TOOLAD WALAM YAKUN LAKA KUFUWAN AHAD.

Preserve me from imagining any meanness in someone who is destitute or imagining any superiority in someone who possesses wealth, for the noble is he whom obedience to Thee has ennobled and the exalted is he whom worship of Thee has exalted! So bless Muhammad and his Household, give us to enjoy a wealth which does not run out, confirm us with an exaltation which will never be lost, and let us roam freely in the kingdom of everlastingness! Surely Thou art the One, the Unique, the Eternal Refuge; Thou hast not begotten, nor hast Thou been begotten, and equal to Thee is not any one!

اور مجھے اس سے محفوظ رکھ کہ میں کسی نادار کو ذلت وحقارت کی نظر سے دیکھوں یا کسی صاحب ثروت کے بارے میں میں (اس ثروت کی بنا پر) فضیلت وبرتری کا گمان کروں۔ اس لئے کہ صاحب شرف وہ ہے جسے تیری اطاعت نے شرف بخشا ہو اور صاحب عزّت وہ ہے جسے تیری عبادت نے عزّت وسربلندی دی ہو۔ اے اللہ محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور ہمیں ایسی ثروت ودولت سے بہرہ اندوز کر جو ختم ہونے والی نہیں اور ایسی عزّت وبزرگی سے ہماری تائید فرما جو زائل ہونے والی نہیں۔ اور ہمیں ملک جاوداں کی طرف رواں دواں کر۔ بیشک تو یکتا ویگانہ اور ایسا بے نیاز ہے کہ نہ تیری کوئی اولاد ہے اور نہ تو کسی کی اولاد ہے اور نہ تیرا کوئی مثل وہمسر ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ۔

ALLAAHUMMA SALLI 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALI MUHAMMAD.

O Allah, send blessings upon Muhammad and the Household of Muhammad.

اے معبود! رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور انکی آلؑ پر۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/35-satisfaction-with-the-decree-1361 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.